**15.11.2025**
**21.15 Hrs.**
**HL Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شگفتہ یاسمین

**Music**

………………………………

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے بھگوان بِرسا مُنڈا کی 150ویں سالگرہ کے موقع پر گجرات میں 9ہزار 700 کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے بہت سے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا اور سنگ بنیاد رکھا۔

☆ وزیر اعظم نے قبائلی برادری کو درپیش ناانصافی کو ختم کرنے کے حکومت کے عزمِ مصمم کا اعادہ کیا اور اُنھیں ترقی کے فوائد کے بارے میں یقین دہانی کرائی۔

☆ قومی جمہوری اتحاد کے رہنماؤں نے بہار میں سرکار کی تشکیل سے متعلق تبادلہ خیال شروع کردیا ہے۔

☆ یوکرین نے روس کے ساحلی شہر Novorossiysk میں ایک بڑے تیل کے ٹرمنل پر حملہ کیا ہے۔ ماسکو نے ڈرونز اور میزائلوں کی بوچھار کرکے حملے کا جواب دیا۔

☆ گرانڈ ماسٹر ارجن Erigaisi، دو دفعہ کے چمپئن Levon Aronian کو شکست دے کرگوا میں FIDE شطرنج عالمی کپ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

☆ اور ٹیسٹ کرکٹ میں، جنوبی افریقہ نے کولکتہ کے ایڈن گارڈن میں، کھیل کے دوسرے دن، اپنی دوسری اننگز میں 93رن پر 7وکٹ گنوا دیئے۔

………………………………

(**Music**)

اب خبریں تفصیل سے

**PM Gujarat Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی نے قبائلی برادریوں کو درپیش ناانصافی کو ختم کرنے کے حکومت کے مصمم عہد کا اعادہ کیا ہے اور یقین دہانی کرائی کہ ترقی کے فوائد بھی اُن تک پہنچیں گے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ قبائلیوں کی بہبود، اُن حکومت کیلئے ہمیشہ سب سے اعلیٰ ترجیح رہی ہے۔ جناب مودی نے یہ بات آج تیسرے پہر گجرات کے قبائلی اکثریت والے نرمدا ضلع کے Dediapada قصبے میں 9ہزار 700 کروڑ روپئے سے زیادہ مالیت کے ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کرتے ہوئے اور سنگ بنیاد رکھنے کے موقع پر کہی۔

اِن پروجیکٹوں کا آغاز سرکردہ قبائلی لیڈر اور مجاہد آزادی بھگوان بِرسا مُنڈا کی 150ویں سالگرہ تقریبات ''جن جاتیہ گورو دِوَس'' منانے کے موقع پر کیا گیا۔

اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ قبائلی فخر ہزاروں برسوں سے بھارت کے شعور کا ایک لازمی جزو رہا ہے۔

**S/B 2100 PM Tribal Society in Independenc**

وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت قبائلی زندگی کے ہر پہلو پر توجہ مرکوز کرنے کیلئے ایک جامع رسائی کے ساتھ کام کر رہی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ چھوٹی جنگلاتی مصنوعات سے بنی اشیاء کی تعداد 20 سے بڑھ کر تقریباً 100 ہوگئی ہے اور جنگلاتی مصنوعات پر MSP کو بڑھا دیا گیا ہے۔ انھوں نے زور دے کر کہا کہ ملک جدوجہد آزادی میں قبائلی معاشرے کے تعاون کو فراموش نہیں کرسکتا۔

**S/B 2100 PM Tribal Museum**

اس سے قبل دن میں جناب مودی نے ممبئی–احمدآباد ہائی اسپیڈ ریل کاریڈور کی پیشرفت کا جائزہ لینے کیلئے، گجرات کے سورت شہر میں زیرتعمیر بلیٹ ٹرین اسٹیشن کا دورہ کیا۔ وزیراعظم صبح سورت ایئرپورٹ پر پہنچے تھے اور وہاں سے وہ Antroli علاقے میں گئے جہاں بلیٹ ٹرین کا ایک اسٹیشن زیر تعمیر ہے۔x

## PM Surat Bihar Community

بعد میں گجرات کے شہر سورت میں رہنے والی بہاری برادری سے خطاب کرتے ہوئے مودی نے بہار کے رائے دہندگان کی ستائش بھی کی اور بہار اسمبلی انتخابات میں NDA کو ایک تاریخی کامیابی دینے کیلئے بہار کے عوام کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے کہا کہ اب بہار ترقی کی نئی بلندیوں تک پہنچنے کیلئے تیار ہے، جس کا مظاہرہ اِن انتخابات میں ہوا ہے۔

**S/B 2100 PM Surat**

## Janjatiya Gourav Divas

مجاہد آزادی اور قبائلی لیڈر بھگوان برسا منڈا کے 150ویں یوم پیدائش پر پورا ملک جَن جاتیہ گورو دیوس منا رہا ہے۔ قبائلی تاریخ کی اہمیت اور اسے لوگوں کے ذہنوں میں باقی رکھنے کے لیے حکومت نے 15نومبر کو جَن جاتیہ دیوس کے طور پر منانے کا فیصلہ کیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

**VC Adarsh**

گزشتہ کئی برسوں سے قبائلی فروغ کے نظریے کو ملک گیر مہم کے طور پر توسیع ملی ہے۔ 2014میں قبائلیوں پر مرکوز اخراجات 24ہزار کروڑ روپے سے بڑھ کر 2024-25میں ایک لاکھ 25ہزار کروڑ روپے ہوگئے ہیں۔

آج درج فہرست قبائل کی بہبود کی خاطر Development Action Plan کے تحت 42وزارتیں سرگرمی کے ساتھ مصروف کار ہیں، جن میں تعلیم، صحت خدمات، روزگار، ہنر کے فروغ اور صفائی ستھرائی سے متعلق 200سے زیادہ اسکیمیں شامل ہیں۔PM Janman Mission جو کہ 19ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے میں بے حد پسماندہ 75قبائلی گروپوں پر مرکوز ہے، نے اب تک 90ہزار پکّے مکانات اور 92ہزار کنبوں کو بجلی

کی سہولیات مہیا کرائی ہیں۔تقریباً 700موبائل میڈیکل یونٹس، لوگوں کو ان کے گھروں تک صحت خدمات فراہم کرانے پر مامور ہیں، جبکہ 6ہزار 700دیہی عوام کو پائپ لائن کے ذریعے پانی فراہم کرایا گیا ہے۔ ایک ہزار آنگن باڑی کے مراکز لوگوں کو سہولیات مہیا کرا رہے ہیں۔تعلیم کے شعبے میں گزشتہ 10برسوں کے دوران 22ہزار کروڑ روپے کی اسکالرشپس مہیا کرائی ہیں، جن سے تقریباً30لاکھ قبائلی طلباء کو ہر سال وظائف حاصل ہو رہے ہیں۔

آدرش کے ساتھ آکاشوانی سے اردو خبروں کیلئے میں اصغرعلی

## Bihar Politics

بہار قانون ساز اسمبلی انتخابات 2025 کی تکمیل کے بعد، نئی سرکار کی تشکیل سے متعلق غیر رسمی تبادلہ خیال کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ آج مرکزی وزیر اور لوک جن شکتی پارٹی (رام ولاس) کے سربراہ چراغ پاسوان نے جنتا دَل (یونائٹیڈ) کے صدر اور وزیر اعلیٰ نتیش کمار سے ملاقات کی۔ پٹنہ میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے پاسوان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے ساتھ مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ میٹنگ کے دوران، سرکار کے ڈھانچے اور اتحاد کے بارے میں بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ہندوستانی عوام مورچہ کے قومی صدر سنتوش سُمن نے بھی آج وزیر اعلیٰ نتیش کمار سے ملاقات کی۔ جناب سُمن نے کہا کہ نتیش کمار، الائنس کے اتفاق رائے سے قابل قبول لیڈر ہیں۔ بہت سے نومنتخب MLAs اور سینئر لیڈر، وزیر اعلیٰ کو اُن کی قیادت میں NDA کی واضح اکثریت حاصل کرنے کے بارے میں مبارکباد دینے کیلئے ان کی رہائش گاہ پر پہنچ رہے ہیں۔ اِسی دوران سرکار کی تشکیل کے عمل سے متعلق BJP کے ریاستی صدر ڈاکٹر دلیپ جیسوال نے کہا کہ تمام باتوں کو دو دن کے اندر حتمی شکل دے دی جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ BJP کی مرکزی قیادت فیصلہ کرے گی۔x

## Bihar RK Singh

بھارتی جنتا پارٹی BJP نے سابق مرکزی وزیر اور پارٹی کے سینئر لیڈر R.K. سنگھ کو پارٹی مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہونے کے تناظر میں 6سال کیلئے پارٹی سے معطل کر دیا ہے۔ پارٹی نے اُنھیں وجہ بتاؤ نوٹس بھی جاری کیا ہے۔ R.K. سنگھ گزشتہ کچھ روز سے پارٹی قیادت کے فیصلوں کے خلاف اعتراضات ظاہر کر رہے تھے اور وہ NDA کے خلاف بھی بول رہے تھے۔ اِس دوران BJP نے پارٹی کے دیگر دو عہدیداران کے خلاف بھی کارروائی کی ہے۔کٹیہار سے MLC اشوک اگروال اور کٹیہار سے ہی میئر، اُن کی اہلیہ اوشا اگروال کو بھی معطل کر دیا گیا ہے۔ x

## Delhi Blast Doctors Licence

قومی میڈیکل کمیشن نے انڈین میڈیکل رجسٹر یا قومی میڈیکل رجسٹر سے چار ڈاکٹروں کے نام ہٹا دیئے ہیں۔ دلّی دھماکے کے پیش نظر ڈاکٹر مظفر احمد، ڈاکٹر عدیل احمد راتھر، ڈاکٹر مزمل شکیل اور ڈاکٹر شاہین سعید کے خلاف غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام سے متعلق قانون کی متعلقہ دفعات کے تحت درج کی گئی FIR کے تناظر میں کمیشن

نے یہ کارروائی کی ہے۔ اُس نے مزید کہا ہے کہ آئندہ احکامات تک اِن لوگوں پر بطور ڈاکٹر اپنی خدمات انجام دینے یا کوئی اپائمنٹ لینے پر پابندی ہوگی۔x

## Metro Red Fort

دلّی میٹرو ریل کارپوریشن نے کہا ہے کہ لال قلعے کے گیٹ نمبر 2اور 3 کو اب مسافروں کی آمد ورفت کیلئے کھول دیا گیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں کارپوریشن نے کہا کہ دیگر تمام اسٹیشن معمول کے مطابق کام کر رہے ہیں۔ اِس سے قبل، لال قلعہ میٹرو اسٹیشن کو پیر کو دلّی میں لال قلعہ کے نزدیک ایک کار دھماکے کے بعد بند کردیا گیا تھا۔x

## Ukraine Strike Russia

یوکرین نے رات بھر میں روس کے ساحلی شہر Novorossiysk میں ایک اہم تیل کے ٹرمنل پر حملہ کیا جس سے آگ بھڑک اُٹھی اور اصل بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا، حالانکہ دوسری جانب روس نے بھی کیف پر حملوں کی بھرمار کی۔ روس کی تیل برآمد کرنے والی سب سے بڑی سہولتوں میں سے اِس ٹرمنل کو یوکرین کی فوج نے ایک حملہ کرکے نشانہ بنایا، جس کا اعتراف دونوں ملکوں کے حکام نے کیا ہے۔ یوکرین کے جنرل اسٹاف نے کہا کہ اِس حملے نے بندرگاہ اور تیل کے ٹرمنل پر اہم بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچایا ہے، حالانکہ روس کے S-400 فضائی دفاعی نظام کا بھی استعمال کیا گیا تھا۔ Krasnodar Krai کے روسی گورنر Veniamin Kondaratiev نے یہ کہتے ہوئے اس حملے کی تصدیق کی ہے کہ گرائے گئے یوکرین کے ڈرونز کے ٹکڑے تیل کے ڈپو پر گرے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ ساحلی شہر پر یوکرین کے حملے میں کم سے کم چار افراد زخمی ہوئے ہیں جبکہ چار رہائشی عمارتیں اور دو نجی گھروں کو نقصان پہنچا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ہنگامی صورتحال کا اعلان کردیا گیا ہے۔ روس کی وزارتِ دفاع نے کہا کہ اُس نے رات بھر میں یوکرین کے مجموعی طور پر 216ڈرونز کے حملوں کو روکا ہے۔ اِسی کے ساتھ ساتھ، کیف پر روس کے فضائی حملوں کا ایک سلسلہ جاری رہا۔ مقامی حکام نے کہا کہ راجدھانی میں کم سے کم 7افراد ہلاک اور درجنوں زخمی ہوگئے ہیں۔x

## Nadda Amrit 10 Years

علاج کیلئے کفایتی ادویہ اور قابل بھروسہ اِمپلانٹس (امرت) پہل کے آج 10سال پورے ہوگئے ہیں۔ نئی دلّی میں امرت کی دسویں سالگرہ تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے صحت اور خاندانی بہبود کے مرکزی وزیر جگت پرکاش نڈّا نے کہا کہ اِس پروگرام میں گذشتہ 10برسوں میں مریضوں کو تقریباً 8ہزار 500 کروڑ روپئے کی بچت کرنے میں مدد دی ہے۔ انھوں نے واضح کیا کہ مختلف ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں 255امرت فارمیسیاں ہیں، جن میں 6ہزار 500سے زیادہ مصنوعات دستیاب ہیں۔ ان میں ادویہ، اِمپلانٹس، ایک مرتبہ استعمال ہونے والا جراحی سازوسامان اور دیگر متعلقہ اشیاء شامل ہیں، جو زیادہ سے زیادہ خردہ قیمت پر پچاس فیصد کی رعایت

تک فراہم کئے جاتے ہیں۔ تقریب کے دوران، جناب نڈّا نے ملک بھر میں 10 نئے امرت Outlets کا افتتاح کیا اور اِس نیٹ ورک کو بڑھا کر پانچ سو Outlets کرنے کا وژن رکھا۔ اس کا مقصد مریضوں کیلئے ضروری ادویہ اور طبی اشیاء کی فراہمی تک کفایتی رسائی کو فروغ دینا ہے۔x

## Defence Garunda Exercise

بھارتی فضائیہ کل سے فرانس میں باہمی فضائی مشق – Garuda–پچیس کے آٹھویں ایڈیشن میں شرکت کرے گی۔ بھارتی فضائیہ، فرانس کی فضائی اور خلائی فورس FASF کے ساتھ اِس مہینے کی 27 تاریخ تک اِس مشق میں مشغول رہے گی۔ وزارتِ دفاع نے کہا کہ اِس مشق کا مقصد ایک حقیقی کارروائی جاتی ماحول میں جنگ کے داؤ پیچ اور طریقۂ کار کو بہتر کرنا ہے۔ وزارت نے مزید کہا کہ یہ مشق پیشہ وارانہ تعامل، کارروائی جاتی معلومات کا تبادلہ اور دونوں فضائی فورسز کے درمیان بہترین عوامل کو ایک دوسرے کے ساتھ شراکت کرنے کا موقع بھی فراہم کرے گی۔مشق کے دوران، بھارتی فضائیہ کے Su-30MKI لڑاکا طیارے، فرانس کے ملٹی رول لڑاکا طیاروں کے ساتھ پیچیدہ طور پر تیار کردہ فضائی جنگ کے منظر ناموں میں مشق کریں گے، جس میں فضاء سے فضاء میں لڑائی، فضائی تحفظ اور مشترکہ حملے کی کارروائیاں کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے، IMD نے کہا ہے کہ کل چھتیس گڑھ، مشرقی راجستھان، جھارکھنڈ، مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، مراٹھ واڑہ اور اترپردیش میں سردی میں تیزی آنے کا سلسلہ جاری رہے گا۔ اس دوران دلّی–این سی آر میں ہوا کا معیار بدستور بہت خراب کے زمرے میں ہے۔ آج رات 8 بجے اے کیو آئی– 384درج کیا گیا۔ موسمیات کے محکمے نے کل تمل ناڈو، پڈوچیری اور کرائیکل میں کہیں کہیں شدید سے بہت شدید بارش کیلئے Orange الرٹ بھی جاری کیا ہے۔ x

## FIDE Chess Wolrd Cup

آج گوا کے Arpora میں بھارتی گرینڈ ماسٹر ارجن Erigaisi، شطرنج کے FIDE عالمی کپ 2025 کے کوارٹر فائنل میں پہنچنے والے پہلے بھارتی کھلاڑی بن گئے ہیں۔ انہوں نے دو مرتبہ کے عالمی کپ چیمپئن Levon Aronian کو کالے مہروں کے ساتھ ہرایا۔ ارجن کے علاوہ عالمی کپ کے پانچویں راؤنڈ میں پہنچنے والے بھارتی کھلاڑی Pentala ہری کرشنا نے Jose Martinez کے خلاف اپنا دوسرا کلاسیکی گیم draw کرلیا ہے۔ اُن کا پہلا مقابلہ بھی برابری پر ختم ہوا تھا۔ اب یہ جوڑی، کل ٹائی بریک کیلئے کھیلے گی۔ x

## Ind VS SA Test Cricket Stump

مردوں کے کرکٹ میں کولکاتہ کے ایڈن گارڈن میں جنوبی افریقہ کی ٹیم نے بھارت کے خلاف پہلے ٹیسٹ

میچ میں اپنی دوسری اننگز میں آج دوسرے دن کا کھیل ختم ہونے تک 7وکٹ کے نقصان پر 93رن بنا لئے تھے۔ جنوبی افریقہ کو 63رن کی سبقت حاصل ہے۔ اِس سے پہلے آج بھارتی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 189رن بنا کر آل آؤٹ ہوگئی۔ بھارت کیلئے K.L. راہل نے سب سے زیادہ 39رن بنائے، جبکہ واشنگٹن سُندر نے 29 رن اسکور کیے۔ کل جنوبی افریقہ نے پہلے بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا اور اُس کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں 159 رن پر آل آؤٹ ہوگئی تھی۔ اِس اننگز میں بھارتی گیند باز جسپریت بُمراہ نے 5وکٹ حاصل کیے تھے، جبکہ محمد سراج اور کلدیپ یادو کو دو–دو وکٹ ملے۔ x

## World Boxing Cup Finals

گریٹر نوئیڈا کے شہید وجے سنگھ پاٹھک اسپورٹس کمپلیکس میں کل سے 20نومبر تک عالمی باکسنگ کپ کے فائنل مقابلوں کا انعقاد کیا جائے گا۔ عالمی کپ کے فائنل مقابلے، عالمی باکسنگ کپ سیریز 2025کے آخری مقابلے ہیں، جس کا عالمی کپ کے تین مرحلوں کا انعقاد برازیل، پولینڈ اور قزاخستان میں کیا گیا تھا۔ اِس میں 18ملکوں کے 130مکّے باز شرکت کریں گے اور 20زمروں میں سے ہر ایک میں 8بہترین مکّے بازوں کے مقابلے ہوں گے۔ بھارت، سبھی 20زمروں میں حصہ لے رہا ہے اور اُس کے میناکشی، نکہت زرّین، جیسمین اور سویٹی Boora جیسے عالمی چمپئن مقابلہ کریں گے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆